رشید اللہ یعقوب صاحب اپنی کتب نہ صرف مفت فراہم کرتے ہیں بلکہ کتاب کو ہر زاویہ سے خوب صورت وخوب سیرت بنانے کے لئے ہر ممکنہ جدو جہد بروئے کار لاتے ہیں، ایک اور اہم خصوصیت اپنی کاوش وکوشش کے اظہار میں انتہائی عاجزی وانکساری کو اختیار کرتے ہیں، اللہ سے دعا ہے وہ ہمیں بھی یہ خوبیاں عنایت فرمائے۔(آمین)

مصنف نے عقیدہ توحید کے مخلصانہ جزبہ کے تحت یہ ریسرچ کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے خدا یا خداوند یا گوڈ God وغیرہ کے الفاظ کا استعمال عقیدہ توحید کے لئے زیادہ مناسب نہیں ہے۔ لہٰذا زیادہ بہتر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا لفظ استعمال کیا جائے۔ اسی پس منظر میں تصور معبود یہودی وعیسائی نظریات لفظ خدا کے استعمال کا آغاز واسباب کتب احادیث وقرآنی تراجم میں استعمالات سے بحث کی ہے اور خود کوئی فیصلہ دینے کے بجائے اسے قارئین پر چھوڑ دیا ہے۔ یہ ایک دلچسپ وقابل مطالعہ بحث ہے۔

کتاب کا نام : کتاب الدعاء والاستغفار (دوسرا اضافہ شدہ ایڈیشن)

مولف/مصنف کا نام: رشید اللہ یعقوب

ناشر: رحمۃ للعالمین ریسرچ سینٹر کراچی

قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں، صفحات ۲۰۸

مؤلف نے حسن طباعت، حسن انتخاب اور حسن ترتیب کو ملحوظ رکھا ہے، اور ابتدائیہ و پہلا باب قرآن وحدیث کی روشنی میں دعاء کی فضیلت، آداب اور قبولیت کے اوقات وغیرہ پر مشتمل ہے۔

دوسرے باب میں ان دعاؤں کو جمع کر دیا ہے جن کا آغاز یارب سے ہوتا ہے۔ تیسرے باب میں اللھم اغفرلی سے آغاز ہونے والی دعاؤں کو جمع کر دیا گیا ہے۔ چوتھے باب میں وہ دعائیں ہیں، جن میں اللہ تعالیٰ سے سوال کیا گیا یعنی (اللھم انی اسئلک) پانچویں باب میں وہ دعائیں شامل ہیں جن میں تعوذ یعنی اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگی گئی ہے، چھٹے باب